نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیرزراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی زیرصدارت لاہور میں سموگ کنٹرول بارے محکمہ زراعت کے اقدامات بارے جائزہ اجلاس کا انعقاد

حکومت پنجاب دھان کی کٹائی کیلئے 10 ہزار سپر سیڈرز سبسڈی پر فراہم کررہی ہے۔سموگ کنٹرول کیلئے پنجاب بھر میں 177 کنٹرول رومز فعال ہیں۔سید عاشق حسین کرمانی

لاہور:23 ستمبر 2026:وزیرزراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی زیرصدارت دھان کی باقیات جلانے کی روک تھام کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا۔اجلاس میں ڈپٹی سیکرٹری زراعت (پلاننگ) کاشف بشیر،ڈائریکٹر جنرلز زراعت شہباز اختر،نوید عصمت کاہلوں،انجنیئر مشتاق میراور پراجیکٹ کوآرڈینیٹر چوہدری عبدالحمید سمیت دیگرافسران نے شرکت کی اس موقع پر وزیرزراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ محکمہ زراعت پنجاب فصلوں کی باقیات جلانے والوں کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پرعمل پیرا ہے۔انہوں نے ہدایت کی کہ فصلوں کی باقیات جلانے کے حوالے سے جاری آگاہی مہم میں مزید تیزی لائی جائے اور دھان کی کاشت کے علاقوں میں فیلڈ افسران فصلوں کی باقیات جلانے کے واقعات کی کڑی نگرانی کریں۔انہوں نے مزید کہا کہ دھان کی باقیات کو سائنسی بنیادوں پرٹھکانے لگایا جائے۔وزیرزراعت پنجاب نے واضح کیا کہ حکومتی سبسڈی پر10 ہزار سپر سیڈرز فراہم کیے جارہے ہیں۔انہوں نے دھان کی کٹائی کیلئے کبوٹا،سپر سیڈر اور بیلر مشینوں کے استعمال کوفروغ دینے کی ہدایت کی۔سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ سموگ کنٹرول کے لیے پنجاب بھر میں 177 کنٹرول رومز فعال ہیں۔انہوں نے سموگ کنٹرول کے حوالے سے محکمہ زراعت کی اب تک کی مہم کی کارکردگی کو قابلِ ستائش قرار دیا۔

☆☆☆☆